ہمنے تو اس اشتہار کو درج رسالہ بھی نہیں کیا صرف رسالہ کے ساتھ شامل کیا ہے پھر ہمارا رسالہ اس شکایت کا محل کیونکر ہو سکتا ہے۔

اعلان

کتاب براہین احمدیہ کے چھپنے میں مہتمم مطبع کی بعض مجبوریوں کے سبب توقف ہو گیا ہے اب مہتمم مطبع نے بتاکید وعدہ دیا ہے کہ حصہ سیوم کو بہت جلد چھاپ کر تیار کرتا ہوں پس ناظرین و خریداران اصطبار فرماویں اور عفو کو کام میں لاویں۔

خاکسار غلام احمد۔ از قادیان ضلع گورداسپور

اشتہار

مولفین رسایل و کتب دین وغیرہ علوم کو واضح ہو کہ ان دنوں ایک کتاب مسمی باسم التواریخ تالیف جناب منشی حسین علی صاحب فرحت دہلوی (جو خاندان ابو الفضل و فیضی سے ہیں) لاہور میں چھپکر تیار ہوئی ہے۔ اس کتاب میں ایک سو دو ہزار اعداد تک کے جملے و تاریخی مادے اس کثرت سے موجود ہیں کہ بنظر اسکے اس کتاب کو تاریخی مادوں کا خزانہ کہا جا سکتا ہے۔ مولف عالی ہمت نے اس کتاب میں وہ کام کیا ہے جسکو لوگ بڑی مشکل سمجھتے اور اسمیں تاریخیں بنانیکے وقت ہاتف غیبی سے مدد لیتے۔ مولف نے عالم غیب کو شاہد بنا دیا اور اس مشکل کو آسان کر دیا۔ قیمت کتاب (عہ) محصول ڈاک (۲ہر) جو صاحب طالب و شایق ہوں وہ بارسال قیمت میاں نثار علی صاحب شہرت اوڈیٹر اخبار انجمن پنجاب لاہور یا الٰہی بخش کتب فروش لاہور بازار کشمیری سے درخواست کریں +

اشتہار

جب یہانتک نوبت پہنچ گئی کہ سید احمد خان صاحب نے صاف یہہ لکھدیا کہ نبوت خدا کی طرف سے مقرر نہیں ہوتی اور نہ خدا کی طرف سے کوئی پیغام لاتا ہے اور جو پیغام لانیوالا پیغمبر کو نظر آتا ہے وہ (نعوذ باللہ منہا) صرف اسی طرح کا خیال ہوتا ہے جیسے مجنونکو

نیلہ سمجھتا ہے معجزات کا بالکُل انکار کیا اور معجزات کی دلیل نبوت ہونیمین بہت سی
گفتگو کی۔ حضرت موسیٰ کیواسطے جو دریا کا پانی جدا ہو گیا تھا اُسکو مدّ و جزر بتایا۔ معجزہ کا
انکار کیا۔ ملائکہ کے وجود سے بالکُل انکار کیا اور یہہ بھی صاف کہدیا کہ قرآن سے جو حکم ثابت
ہو یقین کرنیکے قابل نہین۔ احادیث صحیح کا انکار تو اپنے اوپر فرض سمجھلیا اور رسول اللہ
کے قول کی ذرا بھی وقعت نہ سمجھی فرشتون کو یہہ کہا کہ وہ مسلمانون کے اعتقاد کے موجب
چیلون کیطرح منڈلاتے پھرتے ہین۔ حورون کو اِس ملک کی گھوسنون سے تشبیہ دی
جنت و نار کی حقیقت جو قرآن سے ثابت ہوتی ہے اُسکو بیہودگی بتایا۔ چنانچہ سب تصریحات
سیّد احمد خان صاحب کی تفسیر مین موجود ہین۔ اور یہہ مضامین اُردو مین چھاپکر شائع کرنے
شروع کئے اور لوگون نے اُن مضامین کو نہایت عجیب سمجھکر بہت شوق سے دیکھنا شروع
کیا اور اِس قسم کی کتابین گران قیمت ہاتھون ہاتھ بکنی شروع ہوئین اور اُنکے دیکھنے سے
عوام کے اعتقاد مین خرابی آنے لگی۔ اور خدانخواستہ مذہب اسلام مین فتنہ عظیم پیدا
ہونیکا خوف ہوا پس ہمنے اللہ کی توفیق سے حسبۃً للہ اِس فتنہ کے دفع کرنیکے لئے کمر
ہمّت باندھی ہے اور تحریرون کی ردّ مین ماہوار ایک پرچہ بطور اخبار جاری کرنا تجویز کیا ہے
جسکی قیمت سالانہ گورنمنٹ انگریزی و والیان ملک سے عسہ رؤسا امرا سے عہ عام
شائقین سے صہ مع محصولڈاک مقرر کی گئی ہے۔ یہہ پرچہ یکم ماہ شعبان سے جاری ہوا ہے
برادران دینی سے توقع ہے کہ حمایت اسلام کو فرض سمجھکر اِس کار خیر مین ہماری مدد کرین
تاکہ اُسکے مصارف کے مشکلات اُسکے اجرائے کے مانع نہون اور اُنکی مدد صرف
اسقدر کافی ہے کہ ایک ایک پرچہ اپنے ملاحظہ کے واسطے منظور فرماوین ہر قسم کی
تحریرین اور کاغذ زر رجسٹری شدہ بنام مالک مطبع آنا چاہیین جو حضرات مضامین
سے امداد فرمائینگے ایک پرچہ مُفت پائینگے ؛

العبد محمد امجد علی مالک اخبار نیّر اعظم مراداباد